**20.01.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

...................................................................

☆ ڈونلڈ ٹرمپ آج رات امریکہ کے 47ویں صدر کے عہدے کا حلف لیں گے۔

☆ عالمی اقتصادی فورم کی سالانہ میٹنگ سوئٹزر لینڈ کے شہر Davos میں شروع ہوئی۔ WEF کے صدر Borge Brende نے بھارت کیلئے 7 سے 8 فیصد کی GDP کی شرح ترقی کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ لیبر اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ GIG ورکروں کو جلد ہی سماجی تحفظ کے تحت لایا جائے گا۔

☆ کولکتہ میں سیالدہ کی ایک عدالت نے RG Kar عصمت دری اور قتل معاملے میں مجرم سنجے رائے کو عمرقید کی سزا سنائی ہے۔

☆ دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے چناوٗ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔

☆ اور خواتین کے ہاکی انڈیا لیگ میں JSW سورما ہاکی کلب نے رانچی میں دلّی SG پائپرس کو پانچ-ایک سے ہرایا۔

...................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Trump Oath***

ڈونلڈ ٹرمپ آج رات امریکہ کے 47ویں صدر کے طور پر عہدے کا حلف لیں گے۔ چیف جسٹس John Roberts اُنھیں واشنگٹن ڈی سی کے Capitol Rotunda میں صدر کے عہدے کا حلف دلائیں گے۔

حلف برداری کی تقریب سے قبل 78 برس کے ٹرمپ نے کَل رات واشنگٹن ڈی سی کے فتحیابی کے جشن کی ایک ریلی سے خطاب کیا جس میں انھوں نے امریکہ کو درپیش ہر بحران سے نمٹنے کیلئے تاریخی رفتار کے ساتھ کام کرنے کا وعدہ کیا۔

S/B 2100 Final Trump

JD Vance نائب صدر کے طور پر حلف لیں گے۔ وزیرخارجہ ایس جے شنکر اِس تقریب میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔x

### Biden Pardon Order

اِدھر عہدے سے ہٹنے والے امریکہ کے صدر جوبائیڈن نے آج جنرل Mark Milley، ڈاکٹر Anthony Fauci اور کانگریس کے اُن ارکان کو آئندہ کسی کارروائی سے محفوظ رکھنے کیلئے معافی نامہ جاری کیا ہے، جنھوں نے اُس کمیٹی میں خدمت انجام دی جو راجدھانی میں 6 جنوری 2021 کو ہوئے حملے کی تحقیقات کر رہی تھی۔ جناب بائیڈن نے اپنے آنے والے جانشین کی جانب سے کسی امکانی کارروائی سے تحفظ فراہم کرنے کی غرض سے اپنے غیرمعمولی اختیارات کو استعمال کیا ہے۔x

### Jaishankar Japan & Australia

وزیر خارجہ ایس جےؔ شنکر نے آج جاپان کے وزیرخارجہ Takeshi Iwaya سے واشنگٹن ڈی سی میں ملاقات کی۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں لیڈروں نے اپنے باہمی تعاون میں پیشرفت اور Quad سے متعلق پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈاکٹر جےؔ شنکر نے آسٹریلیا کے وزیر خارجہ پینی وانگ سے بھی ملاقات کی۔x

### WEF Indian Growth

عالمی اقتصادی فورم WEF کی 55ویں سالانہ میٹنگ آج سوئٹزرلینڈ کے شہر Davos میں شروع ہوئی۔ اِس پانچ روزہ میٹنگ میں اِس بات پر غور کیا جائے گا کہ ترقی کا از سرِ نو آغاز کس طرح کیا جائے۔ نئی ٹیکنالوجیز کو کیسے مزید فروغ دیا جائے اور سماجی واقتصادی مزاحمت کو کیسے مضبوط کیا جائے۔ اِس عالمی میٹنگ میں 130 ملکوں کے تقریباً تین ہزار لیڈر شرکت کریں گے جس میں 350 سرکاری سطح کے لیڈر بھی شامل ہیں۔

بھارت کی نمائندگی اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو کر رہے ہیں۔ جل شکتی کے وزیر سی آر پاٹل، شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو، خوراک کو ڈبہ بند کرنے کی صنعتوں کے وزیر چراغ پاسوان اور مہارتوں کی نشو ونما اور انٹرپرینیورشپ کے وزیرمملکت جینت چودھری اُن کے ہمراہ ہیں۔

ریاستوں کے دیگر کئی وزرا بھی اِس میٹنگ میں حصہ لیں گے۔ پانچ روزہ تقریب کے دوران، بھارت کی سب کی شمولیت والی ترقی اور ڈیجیٹل انقلاب کے نمونے کو اجاگر کیا جائے گا۔

سوئٹزر لینڈ کے شہر Davos میں ایک بھارتی چینل سے بات کرتے ہوئے WEF کے صدر اور سی ای او Borge Brende نے اقتصادی اصلاحات کے سبب زیادہ سرمایہ کاری کی وجہ سے بھارت کیلئے 7 سے 8 فیصد کی GDP کی پیشگوئی کی ہے۔

**S/B 2100 WEF Prez Borge Brende**

### PM Mann ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج یہ بات کہی کہ کھلونوں کی مینوفیکچرنگ کے سیکٹر میں سرکار کی کوششوں نے آتم

نربھرتا کی سرکار کی جستجو کو آگے بڑھایا ہے اور روایتوں اور صنعتی اداروں کو مقبولِ عام کیا ہے۔ من کی بات اَپ ڈیٹس کے ذریعے شیئر کی گئی ایک پوسٹ پر ردِّعمل ظاہر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ من کی بات کے اپی سوڈس میں سے ایک کے دوران، انھوں نے بھارت بھر کی اجتماعی کوششوں کی حمایت سے کھلونوں کی مینوفیکچرنگ کو فروغ دینے کے بارے میں بات کی تھی۔x

## Mandaviya Seminar

لیبر اور روزگار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج کہا ہے کہ لیبر بورڈ جلد ہی GIG کارکنوں کو سماجی تحفظ کے تحت لائے گا۔ ڈاکٹر مانڈویا نے نئی دلّی میں ''غیررسمی سیکٹر میں کام کرنے والے کارکنوں کو باقاعدگی عطا کرنے اور سماجی تحفظ کے تحت لانے'' کے موضوع پر دو روزہ بین الاقوامی سیمینار کا افتتاح کرنے کے بعد یہ بیان دیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت میں 70 سے 80 لاکھ GIG کارکن ہیں اور بغیر کسی امتیاز کے کارکنوں کیلئے سماجی تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔

S/B Mandaviya

ڈاکٹر مانڈویا نے بتایا کہ تقریباً 60 کروڑ لوگوں کو حکومت کی حفظان صحت کی فراہمی کی اسکیموں کے تحت لایا گیا ہے اور اُنھیں پانچ لاکھ روپئے تک کا مفت طبی علاج موصول ہوا ہے۔

وزیر موصوف نے بتایا کہ تقریباً پانچ کلو گرام اناج لوگوں کو فراہم کیا گیا ہے تاکہ کوئی بھی بنیادی غذا سے محروم نہ رہے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ کثیر قومی کاروباری اداروں سے براہِ راست غیرملکی سرمایہ کاری کو متوجہ کرکے کاروبار کرنے میں آسانی کو بہتر بنایا گیا ہے۔

آکاشوانی خبروں سے خصوصی طور پر بات کرتے ہوئے لیبر اور روزگار محکمے کی سکریٹری Sumita Dawra نے اِس بارے میں بات کی کہ کس طرح یہ سیمینار بھارت کی چھ کروڑ افرادی قوت کو سماجی تحفظ کی مختلف شقوں کے تحت لانے کے امکانات پر بات کرتا ہے۔

S/B Sumita Dawra

میڈیا سے بات کرتے ہوئے سماجی تحفظ کی بین الاقوامی ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر محمد Azman نے ای-شرم پروگرام کے ذریعے غیر رسمی سیکٹر کے 90 فیصد افراد کو ایک ڈاٹا بیس کے تحت لانے کے سلسلے میں بھارت کی پیشرفت کو اجاگر کیا۔

S/B ISSA President

## WB R G Kar Sentence

کولکتہ کے سیالدہ میں ایک سیشن عدالت نے RG Kar عصمت دری اور قتل معاملے میں اہم مجرم سنجے رائے کو عمرقید کی سزا سنائی ہے۔ سیشن جج اَنیربن داس نے یہ بھی کہا کہ ریاستی حکومت متاثرہ کے اہل خانہ کو معاوضے کے طور پر 17 لاکھ روپئے کی ادائیگی کرے۔ سنجے رائے کو پچھلے ہفتے سنیچر کے دن عدالت نے اِس معاملے میں مجرم قرار

دیا تھا۔ عدالت کے باہر آج بڑی تعداد میں لوگ موجود تھے۔ پولیس نے سکیورٹی کے تمام ممکنہ انتظامات کئے تھے۔
خواتین کے قومی کمیشن نے سیشن عدالت کے فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے۔ ایک بیان میں کمیشن نے کہا کہ باوجود اِس کے کہ کمیشن مجرم کیلئے سزائے موت دیئے جانے کی وکالت کرتا رہا ہے لیکن وہ مجرم کو عمرقید کی سزا سنائے جانے کے عدالت کے فیصلے کو تسلیم کرتا ہے۔
اس نے مزید کہا کہ اِس طرح کی سزا سنائے جانے سے معاشرے میں انصاف کے تئیں ایک احساس پیدا ہوگا اور ہر ایک کو اِس بات کی یاد دہانی ہوجائے گی کہ اِس طرح کے جرائم کی سزا ضرور ملتی ہے۔
پچھلے برس 9 اگست کو PGT ڈاکٹر کی لاش RG Kar میڈیکل کالج کے سیمینار ہال سے برآمد ہوئی تھی اور 10 اگست کو کولکتہ پولیس نے سنجے رائے کو گرفتار کرلیا تھا۔ بعد میں اُسے CBI کے سپرد کردیا گیا اور CBI نے اِس معاملے میں سنجے رائے کے خلاف الزامات عائد کئے۔x

## Constituency Profile - New Delhi

70 رکنی دلّی اسمبلی کیلئے اگلے مہینے کی پانچ تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ دلّی اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر آکاشوانی نیوز آپ کیلئے ایک خصوصی سیریز لے کر آیا ہے۔ پیش ہے ایک رپورٹ ...

VC - Saqlen

قومی دارالحکومت کا دِل، نئی دلّی اسمبلی حلقہ ، دلّی اسمبلی انتخابات میں چناوی جنگ کا مرکزی مقام ہے، جس کے نتائج شہر کے وسیع تر سیاسی منظرنامے پر اثر انداز ہوں گے۔ اس سیٹ پر دلّی کے سابق وزیر اعلیٰ اور عام آدمی پارٹی کے سربراہ اروند کیجریوال ایک بار پھر دلّی کے سابق وزیر اعلیٰ صاحب سنگھ ورما کے بیٹے BJP کے پرویش ورما اور کانگریس کے سندیپ دیکشت، جو سابق وزیر اعلیٰ شیلا دیکشت کے بیٹے ہیں، کے خلاف سیاسی میدان میں ہیں۔ اس بار ایسا لگتا ہے کہ جناب کیجریوال کیلئے سیاسی لڑائی آسان نہیں ہوگی کیونکہ BJP اور کانگریس دونوں نے اپنی طرف سے مضبوط امیدوار کھڑے کئے ہیں۔ نامزدگیوں کی جانچ پڑتال کے بعد اس سیٹ پر سب سے زیادہ 23 دعویدار ہوں گے۔ یہ حلقہ VVIP علاقوں جیسے راشٹرپتی بھون ، وزیر اعظم کی رہائش گاہ ، سپریم کورٹ اور مرکزی حکومت کے دفاتر کی اکثریت سے گھرا ہوا ہے۔ اس سیٹ پر تقریباً ایک لاکھ دس ہزار رائے دہندگان ہیں۔ اس سیٹ کے ووٹر بنیادی طور پر بیورو کریٹ اور مرکزی حکومت کے ملازمین ہیں۔
آلودگی، پارکنگ ، بارش کے موسم میں سڑکوں پر پانی بھر جانا، اس سیٹ کے مکینوں کے بڑے مسائل ہیں۔ نئی دلّی کے ووٹر اگلے مہینے کی پانچ تاریخ کو ان امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔
دلّی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Mahakumbh Fire Safety

حکومت نے اترپردیش کے شہر پریاگ راج میں مہاکنبھ 2025 کے دوران، آگ سے محفوظ رہنے کے وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔ میلے کے میدان کو، جہاں لاکھوں Kalpvasis اور کروڑوں عقیدتمند جمع ہوتے ہیں، آگ سے

محفوظ رہنے کے وسیع تر بنیادی ڈھانچے سے لیس کیا گیا ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...................

CAP Anand Kumar

مہاکنبھ میلے کے پورے علاقے میں کُل 50 فائر اسٹیشن اور 20 فائر چوکیاں بنائی گئی ہیں۔ اِس کے علاوہ کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے چار ہزار تین سو Fire hydrants اہم مقامات پر تعینات کئے گئے ہیں۔ پورے مہاکنبھ میں 351 سے زیادہ مختلف قسم کی آگ بجھانے والی گاڑیاں اور دو ہزار تربیت یافتہ اہلکار تعینات ہیں۔
ہر اکھاڑے کے ٹینٹ کو بھی آگ سے محفوظ رکھنے کے اقدامات سے لیس کیا گیا ہے۔ آگ بجھانے اور ایمرجنسی خدمات کے ڈائرکٹر جنرل اویناش چندر نے بتایا کہ مہاکنبھ کے پورے علاقے میں آگ سے محفوظ رہنے کو انتہائی سنجیدگی سے لیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک فائر اسٹیشن کا علاقہ تقریباً 800 مربع میٹر پر مشتمل ہے اور آگ بجھانے والی گاڑی کو جائے مقام پر پہنچنے میں تین سے چار ہی منٹ لگیں گے۔

S/B Avinash Chandra

سرکار کی سرگرم تیاری اور تیز ترین کارروائی کے سبب کُل مہاکنبھ میں آگ لگنے کے ایک بڑے واقعے کو روکا جاسکا ہے۔ NDRF اورSDRF کی شراکت سے درجنوں Mock Drill منعقد کی گئیں تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کیلئے سبھی اہلکار پوری طرح تیار ہیں۔
آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آسیہ میمونہ

### Uttarakhand UCC

اتراکھنڈ کی کابینہ نے یکساں سول کوڈ UCC کے ضوابط کو اپنی منظوری دے دی ہے، جس سے ریاست میں اِس کے نافذ العمل ہونے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ دہرہ دون میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے کہا کہ یہ فیصلہ حکمرانی اور سماجی اصلاحات کے تئیں ریاست کے سرگرم اندازِ نظر کو ظاہر کرتا ہے۔

S/B 2100 New U Khand CM

یکساں سول کوڈ، اِس بات کو یقینی بنانے کی بات کرتا ہے کہ سبھی شہری ذاتی تعلقات کے سلسلے میں یکساں قوانین کی پابندی کریں جس سے مساوات اور انصاف کا فروغ ہو۔x

### J&K - Team

جموں وکشمیر میں آج ایک اعلیٰ سطحی بین وزارتی ٹیم نے راجوری ضلع میں Badhaal گاؤں کا دورہ کیا، جس کا مقصد پچھلے 45 دنوں میں مشتبہ حالات میں تین کنبوں کے 17 افراد کی موت کی وجوہات کا پتہ لگانا تھا۔
آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مرکزی ٹیم، جس کی قیادت وزارتِ داخلہ کے ایک ڈائریکٹر رینک کے افسر کررہے ہیں، کل شام راجوری ضلع ہیڈکوارٹر پہنچے اور ضلع ،صحت اور پولیس کے سینئر افسروں سے معلومات حاصل کی۔

سینئر افسران پر مشتمل ٹیم نے گاؤں کا دورہ کیا اور دو گروپوں میں تقسیم ہوکر معاملے کی تحقیقات شروع کردی۔ مقامی انتظامیہ کے ساتھ کام کرتے ہوئے ٹیم فوری طور پر راحت پہنچانے اور مستقبل میں اِس قسم کے واقعات کو روکنے کیلئے اقدامات کرنے پر کام کرے گی۔ اس سے پہلے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے راجوری میں ایک دور دراز کے گاؤں میں ایک دوسرے سے تعلق رکھے والے تین کنبوں میں 7 دسمبر سے لے کر 19 جنوری تک ہورہی اموات کی ایک بین وزارتی تحقیقات کرنے کا حکم دیا تھا۔ x

## J&K Operation Gujjarpati

جموں و کشمیر میں، شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلع کے سوپور علاقے میں Zaloora Gujjarpati کے جنگلات میں چلائی جارہی ایک انسدادِ دہشت گردی مہم کے دوران فوج کا ایک جوان شدید طور پر زخمی ہونے کے بعد، زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا۔ یہ مہم جاری ہے اور آج اس کا دوسرا دن تھا۔ مسلح افواج کے ذرائع نے کہا کہ تلاشی مہم جنگلاتی علاقے میں چھپے دہشت گردوں کو تلاش کرنے کیلئے شروع کی گئی اور اب اس میں شدت اور توسیع کی گئی ہے۔ ذرائع نے کہا کہ فوج اور جموں و کشمیر پولیس کی مشترکہ افواج نے سوپور کے Zaloora Gujjarpati علاقے میں سکیورٹی انتظامات بہت سخت کردیئے ہیں۔ x

## Hockey HIL

خواتین کے ہاکی انڈیا لیگ HIL میں JSW سورما ہاکی کلب نے آج شام رانچی میں Marang Gomka Jaipal Singh Munda Hockey اسٹیڈیم میں آج شام دلّی SG پائپرس کو ایک کے مقابلے پانچ گول سے ہرا دیا۔ اِس جیت کے ساتھ سورما ہاکی کلب، لیگ میں کھیلنے والی چار ٹیموں میں 9 پوائنٹ کے ساتھ پہلے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ اڈیشہ واریئرس 8 پوائنٹ کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔

مردوں کے سیکشن میں راؤرکیلا میں برسا منڈا ہاکی اسٹیڈیم میں Shrachi Rarh بنگال ٹائیگرس کا مقابلہ JSW سورما ہاکی کلب سے جاری ہے۔ مردوں کے زمرے میں آٹھ ٹیمیں لیگ میچ کھیل رہی ہیں، اِن میں 15 پوائنٹ کے ساتھ تمل ناڈو ڈریگن سرفہرست ہے اور حیدرآباد طوفان 13 پوائنٹ کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔

ہاکی انڈیا لیگ 2024-25 کا آغاز پچھلے ماہ 28 تاریخ کو راؤرکیلا کے برسامنڈا ہاکی اسٹیڈیم میں مردوں کے ٹورنامنٹ کے ساتھ ہوا تھا۔ یہ یکم فروری تک جاری رہے گا۔ ہاکی ٹورنامنٹ میں پہلی مرتبہ خواتین کے مقابلوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ جن کا آغاز اِس ماہ کی 12 تاریخ کو ہوا اور جس کا فائنل اتوار کو ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆